## یوم عاشور کے موقع پر امن وامان برقرار رکھنے کیلئے بہترین اقدامات کرنے پرالطاف حسین کی جانب سے وفاقی وصوبائی حکومتوں، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،نگراں وزیراعلیٰ، آئی جی سندھ،سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، نائب ناظمہ نسرین جلیل، ناظمین، سٹی حکومت، پولیس، رینجرز اورقانون نافذ کرنے والے اداروں کے

## تمام افسران واہلکاروں اورسپاہیوں کوزبردست خراج تحسین

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں خصوصی کرداراداکرنے پرتمام مکاتب فکر کے علمائے کرام، زاکرین، خطیبوں اورعوام کوبھی مبارکباد اورخراج تحسین

لندن ۔۔۔ 21 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے یوم عاشور کے موقع پرامن وامان برقرار رکھنے اورتعزیوں،علم، ذوالجناح اور ماتمی جلوسوں میں شریک سوگواران حسینؑ سمیت تمام عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے بہترین اقدامات کرنے پر وفاقی حکومت اور چاروں صوبوں کی حکومتوں خصوصاً سندھ کی نگراں حکومت، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ، آئی جی سندھ اظہر فاروقی، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، تمام ٹاؤن ناظمین، سٹی حکومت، رینجرز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پولیس وانتظامیہ کے تمام افسران واہلکاروں اورسپاہیوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے ملک بھر کے عوام وعلمائے کرام خصوصاً صوبہ ءسندھ میں مختلف فقہوں سے تعلق رکھنے والے عوام اورعلمائے کرام کوبھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اس مقدس موقع پرفرقہ وارانہ ہم آہنگی اوراتحاد کوبرقرار رکھتے ہوئے دہشت گردی اورفرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کوناکام بنادیا۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ چاروں صوبوں میں حکومتوں اور پولیس وانتظامیہ اورقانون نافذ کرنے والے اداروں کے مؤثر اقدامات کے نتیجے میں ملک میں کہیں بھی کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا، خاص طور پرصوبہ ءسندھ بشمول کراچی میں مکمل امن وامان رہااورعاشورہ خیریت سے گزرگیا ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ خصوصاً کراچی میں مذہبی انتہاپسندعناصر نے عاشورہ کے موقع پرخودکش حملوں، بم دھماکوں اور دیگرتخریبی کارروائیوں کے منصوبے بنائے تھے جنہیں سندھ کی پولیس وانتظامیہ اورقانون نافذ کرنے والے اداروں نے خصوصی اقدامات کرکے دہشت گردوں منصوبوں کوناکام بنادیا اورخودکش حملہ آورسمیت چند دہشت گرد گرفتار بھی کرلئے گئے ۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنوں، ذمہ داروں، شعبہ جات اورونگز کے عہدیداروں، سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اورآزادکشمیر میں متحدہ کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں، حق پرست سینیٹرز، ناظمین، کونسلروں، انتخابی امیدواروں اوررابطہ کمیٹی کے اراکین کوبھی زبردست خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے کئی دن تک رات دن جاگ کراپنے اپنے علاقوں، صوبوں اورشہروں میں امن وامان کوبرقرار رکھنے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم رکھنے اورعاشورہ کے جلوسوں کے انتظامات کیلئے اپنا بھرپور کرداراداکیا۔جناب الطاف حسین نے یوم عاشور کے موقع پرخصوصی انتظامات کرنے پرسٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اورکراچی کے تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اورسٹی گورنمنٹ کے مختلف اداروں کے افسران واہلکاروں کوبھی خصوصی خراج تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے عاشورہ خیریت سے گزرنے اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی اوراتحاد وبھائی چارہ برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنا خصوصی کرداراداکرنے پرتمام مکاتب فکر کے علمائے کرام، زاکرین اورخطیبوں کوبھی مبارکباد اورخراج تحسین پیش کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب سے تعلق رکھنے والے عوام کوبھی اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرنے پرزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## عاشورہ کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے پرایم کیوایم کے تمام ونگز، شعبہ جات اورزونوں، سیکٹروں اوریونٹوں کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں کودل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین

لندن ۔۔۔ 21 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عاشورہ کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے، سوگواران حسینؑ کیلئے سبیلیں لگانے، طبی امدادی کیمپ قائم کرنے اور دیگراقدامات کرنے پرایم کیوایم کے تمام زونوں، سیکٹروں اوریونٹوں کے تمام ذمہ داروں اورکارکنوں کودل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، علماء کمیٹی، میڈیکل ایڈکمیٹی، لیبرڈویژن، ایلڈرز ونگ، لیگل ایڈکمیٹی

،شعبہ خواتین، اے پی ایم ایس او، کراچی تنظیمی کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، میڈیا مینجمنٹ اینڈ ماس کمیونی کیشن، میڈیا کمیٹی، نیوز سیکشن، وڈیو سیکشن، فوٹو سیکشن، ٹرانسپورٹ سیکشن اور ٹیلیفون بورڈ کمیٹی سمیت نائن زیرو کے تمام شعبہ جات کے ارکان، کراچی سمیت سندھ بھر کے تمام زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داروں، کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین اور شاباش پیش کی۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام ڈیرہ اسمٰعیل خان میں امدادی کیمپ، دودھ کے شربت اور چائے کی سبیلیں لگائی گئیں

ڈیرہ اسمٰعیل خان۔۔۔21، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام یوم عاشور کے موقع پر ملک کے دیگر شہروں کی طرح صوبہ سرحد کے ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان میں بھی عزاداران کی سہولت کیلئے امدادی کیمپ، دودھ کے شربت اور چائے کی سبیلیں لگائی گئیں۔اس سلسلے میں ایم کیوایم صوبہ سرحد کی جانب سے ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان کے علاقے حسینی چوک، امامیہ گیٹ، مگراں بازار، کشمیری بازار، چھوٹا بازار، طارق آباد اور توصیف آباد میں عزاداران حسینؑ کی سہولت کیلئے امدادی کیمپ، دودھ کے شربت اور چائے کی سبیلیں لگائی گئیں۔اس موقع پر ایم کیوایم ڈیرہ اسمٰعیل خان یونٹ کے ذمہ داران اور مقامی کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔

## مقبول قریشی اور محمد اشتیاق کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول قریشی اور ایم کیوایم میرپورخاص کے کارکن محمد اشتیاق کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ علیل ہوگئے۔برمنگھم کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں

## عظمت بیگ کی علالت پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تشویش۔کارکنوں سے دعائے صحت کی اپیل

لندن۔۔۔20 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ کی علالت پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں سے بھی اپیل کی کہ وہ عظمت بیگ کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ کئی روز سے علیل ہیں اور برمنگھم کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فون کرکے عظمت بیگ کی خیریت دریافت کی اور ان کی صحتیابی کی دعا کی۔

☆☆☆☆☆